© rasailojaraid.com



# حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

کتاب: ''شعورِ ختم نبوت اور قادیانیت شناسی''

مرتب: محمد طاہر رزاق

ضخامت: ۶۴ صفحات، قیمت: ۲۰ روپے

زیر نظر کتاب جناب محمد طاہر رزاق کی عرق ریزی، کتاب بینی اور عمیق مطالعے کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے اس بات کو شدت سے محسوس کیا کہ سادہ مسلمانوں کو قادیانیت کے متعلق واجبی معلومات بھی نہیں ہیں۔ اور یہ کہ ضخیم کتابیں عوام کی قوتِ خرید اور دسترس سے باہر ہیں۔ جس کا بہترین حل انہوں نے یہ نکالا کہ قادیانیت اور رد قادیانیت کے حوالے سے سوالات اور جوابات پر مشتمل یہ مختصر کتاب ترتیب دی ہے۔ گویا کوزے میں دریا بند کیا ہے۔ جناب شفیق مرزا نے کتاب کے پیش لفظ میں درست لکھا ہے کہ: ''اسے بجا طور پر قادیانی امت کی خرافات کا ''انسائیکلو پیڈیا قادیانیکا'' کہا جاسکتا ہے۔ جسے پڑھنے کے بعد قادیانیت کی ساری خباثت مختصر اًقاری کی نظر کے سامنے آجاتی ہے''

ہر سوال مستند، ہر جواب باحوالہ۔ کوئی قادیانی اس کتاب میں دیئے گئے حوالوں کا انکار نہیں کرسکتا۔ طباعت اعلیٰ، جلد مضبوط اور خوبصورت۔ قیمت نہایت مناسب۔ یہ کتاب عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت، حضوری باغ روڈ ملتان سے طلب کی جاسکتی ہے۔ (تبصرہ نگار: سید کفیل بخاری)

## دعاء صحت

* مجلس احرارِ اسلام کراچی کے صدر محترم صوفی مولا بخش صاحب گزشتہ چند ماہ سے شدید علیل ہیں۔
* مجلس احرارِ اسلام کے قدیم کارکن محترم حکیم محمد صدیق تارڑ (مرید کے) شدید علیل ہیں۔

احباب و قارئین سے درخواست ہے کہ ان حضرات کی صحت یابی کے لئے خصوصی دعاء کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ عطاء فرمائے (آمین)

© rasailojaraid.com